www.dailyazadiswat.co
ABC CERTIFIED — MEMBER APNS/CPN
Daily AZADI Swat
1 / 8
روزنامہ آزادی سوات
چیف ایڈیٹر ممتاز احمد صادق
سوات، اسلام آباد اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد روزنامہ
شمارہ نمبر 29 | بدھ 17 فروری 2023ء 25 رجب 1444ھ 5 پھاگن 2079 بکرمی | صفحات 8 قیمت 15 روپے | کل شمارہ نمبر 48

گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافے کی شکایات، وفاقی محتسب کا نوٹس

وزارت صنعت و پیداوار اور آٹومیٹر مگ ڈویژن سے تفصیلی رپورٹ طلب

اسلام آباد (نمائندہ آزادی) وفاقی محتسب نے مقامی کمپنیوں کی تیار کردہ گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کے خلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا، وزارت صنعت و پیداوار اور آٹومیٹر مگ ڈویژن سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی گئی۔ وفاقی محتسب ڈاکٹر اسمہ رفیق نے اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور کراچی و گرد نواح سے ملنے والی صنعت شکایات پر گاڑیوں کی قیمتوں میں من مانی مرضی سے یک طرفہ اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار سے 14 دن میں تفصیلی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے آئے روز قیمتوں میں یک طرفہ اضافہ بلاجواز کے سامنے آرہا ہے۔